Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۸ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۶ ربیع الثانی ۱۳۳۵ھ مطابق ۱۹ فروری ۱۹۱۷ء | جلد ۲۹

فہرست مضامین

ملخص حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

رخصت

۱۳ فروری سنہ ۱۹۱۷ء

رخصت منشی ہردیو پرشاد افسر کارخانہ جات من ابتدائے ۱۵ فروری سنہ ۱۹۱۷ء لغایت ۳ مارچ سنہ ۱۹۱۷ء بغرض اشتراک شادی منظور ہوئی۔

ملخص احکام اجلاس صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر

اضافہ

۶ فروری سنہ ۱۹۱۷ء

حسب تحریر صاحب چیف سکرٹری بہادر بحوالہ حکم بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم دس روپیہ ماہوار اضافہ حکیم خلیل اللہ صاحب منظور ہوا۔

۱۲ فروری سنہ ۱۹۱۷ء

بوجہ زائد ہونے کام پاس عزیز حسن بیگ روزنامچہ نویس بمقابلہ دیگر روزنامچہ نویسان کی تنخواہ کے دو روپیہ ماہوار نامبردہ کا اضافہ کیا گیا۔

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

رخصت

۱۳ فروری سنہ ۱۹۱۷ء

حسب سفارش مفتی صاحب دیوانی تین ہفتہ کی رخصت محافظ دفتر دیوانی منظور ہوئی۔

مطبع ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا